# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 23 June-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۳/جون ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرموٗ آج دوسرے مرحلے میں 65 سرکردہ شخصیات کو پدم ایوارڈ کریں گی تفویض۔

☆ ریاستی اسمبلی میں 97 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے ضمنی مطالبات پیش۔

☆ قانون ساز کونسل کی گیارہ نشستوں کے انتخابات کے نتائج کا اعلان، دس نشستوں پر مہایوتی کی جیت۔

☆ شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے چھ ارکان پارلیمان ایکناتھ شندے کی سربراہی والی شیوسینا میں شامل۔

اور۔۔۔☆ ریاست میں مانسون کی پیش رفت کیلئے ماحول سازگار۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو آج دوسرے مرحلے میں 65 معززین کو پدم اعزاز سے نوازیں گی۔ آج کی تقریب میں دو پدم وِبھوشن، سات پدم بھوشن اور 56 پدم شری ایوارڈز تفویض کیے جائیں گے۔ اس سے قبل پہلے مرحلے میں 25 مئی کو راشٹرپتی بھون میں 66 سرکردہ شخصیات کو ان اعزازات سے نوازا گیا تھا۔

***** ***** *****

ریاستی اسمبلی کے مانسون اجلاس کا کل سے ممبئی میں آغاز ہوا۔ ابتداء میں اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر نے نومنتخبہ ارکان سُنیترا پوار اور اَکشئے کرڈیلے کو رکنیت کا حلف دلایا۔ بعدازاں' وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے سال 27-2026 کے ضمنی مطالبات پیش کیے۔ کانگریس رہنماء نانا پٹولے نے ال نینو کے اثرات کی وجہ سے جنوب مغربی مانسون کی بارش میں تاخیر کے سبب ریاست کے مختلف حصوں میں پانی کی قلت کا مسئلہ اٹھایا۔ جس پر اسپیکر راہل نارویکر نے مناسب بحث کرنے کا تیقن دیا۔

ایوان نے آنجہانی گلوکارہ آشا بھوسلے، سمن کلیان پور، سابق وزراء انت راؤ تھوپٹے، وِٹھل راؤ دھوٹے، بلی رام کوٹکر پاٹل، کرشن راؤ دیشمکھ، پٹلیا ماؤسکر، وسنت راؤ سوریہ ونشی، سریش کمار جیتھلیا، اوشا دیوی جگدالے اور شکنتلا شرما کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ جس کے بعد ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے نومنتخب ارکان کا ایوان سے تعارف کرایا۔ اس کے بعد مملکتی وزیرِ مالیات آشیش جیسوال نے 27-2026 کے ضمنی مطالبات پیش کیے۔ اسپیکر رام شندے نے پرمود جٹھار، کرپال تُمانے، سنجے کھوڑکے، ابھجیت ونجاری اور سنیل شندے کو میز چیئرمین نامزد کیا۔

***** ***** *****

دریں اثنا، ریاستی مقنّنہ کے مانسون اجلاس کے پہلے دن کُل 97 ہزار 706 کروڑ 40 لاکھ روپے کے ضمنی مطالبات دونوں ایوانوں کے سامنے پیش کیے گئے۔ اس میں سب سے زیادہ 20 ہزار 552 کروڑ روپے پنیہ شلوک اہلیا دیوی ہولکر کسان قرض نجات اسکیم کیلئے مختص کیے گئے۔ جبکہ مرکزی حکومت کی طرف سے سرمایہ کاری کیلئے خصوصی امدادی اسکیم کے تحت ریاستوں کو بلاسودی قرض کیلئے 10 ہزار سات کروڑ 10 لاکھ روپے کا انتظام کیا گیا ہے۔ ترقی یافتہ بھارت جی۔ رام۔ جی اسکیم کیلئے مرکزی اور ریاستی حصہ داری کے تحت سات ہزار 367 کروڑ 32 لاکھ روپئے کی گنجائش رکھی گئی ہے، جبکہ سنہستھ کمبھ میلے کی منصوبہ بندی اور عمل آوری کیلئے تین ہزار کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اسی طرح امدادِ باہمی، مارکیٹنگ اور کپڑا صنعت کیلئے 22 ہزار 15 کروڑ 42 لاکھ روپے، شہری ترقیات محکمے کیلئے 15 ہزار 152 کروڑ 43 لاکھ روپے، اور صنعت، توانائی، محنت اور کان کنی محکموں کیلئے 14 ہزار 760 کروڑ 48 لاکھ روپے کے اضافی مطالبات شامل ہیں۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کی گیارہ نشستوں کے انتخابات کے نتائج کا کل اعلان کر دیا گیا۔ مہایوتی امیدواروں نے گیارہ میں سے دس نشستوں پر کامیابی حاصل کی اور ایک آزاد امیدوار نے ناسک کی نشست پر جیت حاصل کی، جبکہ چھ نشستوں پر مہایوتی امیدوار پہلے ہی بلا مقابلہ منتخب ہو چکے ہیں، اس طرح مقامی خود مختار اداروں کے نمائندوں کے ذریعے منتخب کی جانے والی قانون ساز کونسل کے دو سالہ انتخابات کے تحت 17 میں سے 16 نشستیں مہایوتی نے جیت لی ہیں؛ جبکہ مہا وِکاس اگھاڑی ایک بھی نشست حاصل کرنے میں ناکام رہی۔

کاؤنسل کے نو منتخبہ اراکین میں چھترپتی سمبھا جی نگر۔ جالنہ انتخابی حلقے سے سہاس شرساٹ، ناندیڑ سے امرناتھ راجورکر، لاتور۔ بیڑ۔ دھاراشیو حلقے سے بسوراج پاٹل، پربھنی۔ ہنگولی نشست سے شیوسینا کے سعید خان، سانگلی۔ ستارا سے دھیریہ شیل کدم، بھنڈارا۔ گوندیا سے اویناش براہمنکر، جلگاؤں سے نندکشور مہاجن، شولاپور نشست سے راجندر راؤت، امراوتی سے پروین پوٹے شامل ہیں؛ جبکہ ناگپور حلقے کے ضمنی انتخاب میں بی جے پی کے راجیو پوتدار نے کامیابی حاصل کی۔

شیوسینا کے نریندر دراڑے کو ناسک حلقے سے شکست کا سامنا کرنا پڑا اور بی جے پی رہنماء گنیش گیتے کے بھائی گوکُل گیتے اس نشست سے آزاد امیدوار کی حیثیت سے منتخب ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے چھ ارکان پارلیمان نے کل شیوسینا میں شمولیت اختیار کرلی۔ شندے نے ممبئی میں منعقدہ ایک اطلاعی کانفرنس میں ان ارکانِ پارلیمان کی ایکناتھ شندے کی قیادت والی شیوسینا میں شامل ہونے کا اعلان کیا۔ ایکناتھ شندے نے ارکانِ پارلیمان سنجے دِینا پاٹل، سنجے دیشمکھ، سنجے جادھو، بھاؤ صاحب واکچورے، ناگیش پاٹل۔ آشٹیکر اور اوم پرکاش راجے نمبالکر کا پارٹی میں استقبال کیا۔ شندے نے وضاحت کی کہ اس بغاوت کا مقصد شیوسینا کے بانی بالا صاحب ٹھاکرے کے نظریے پر عمل درآمد اور پارٹی کے ہندوتوا اُصولوں کا تحفظ کرنا ہے۔ شندے نے یقین دہانی کروائی کہ ان اراکینِ پارلیمان کو ان کے متعلقہ انتخابی حلقوں میں کاموں کیلئے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔

***** ***** *****

دریں اثناء ناگیش پاٹل اور سنجے جادھو نے واضح کیا کہ اپنے حلقے میں ترقیاتی کاموں کیلئے وہ شیوسینا میں شامل ہوئے ہیں۔ وہ کل پارٹی میں شمولیت کے بعد ناندیڑ طیران گاہ پر آمد کے بعد بات کررہے تھے۔

***** ***** *****

اسی بیچ، شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدّھو ٹھاکرے آئندہ سنیچر سے ایوت محل، واشم، ہنگولی، پربھنی، دھاراشیو اور شرڈی لوک سبھا حلقوں کا سہ روزہ دورہ شروع کریں گے۔

***** ***** *****

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (NTA) نے NEET کے دوبارہ امتحان کا پرچہ افشاء ہونے کی خبروں کی تردید کی ہے۔ NEET-2026 کے دوسرے امتحان کا سوالیہ پرچہ امتحان سے پہلے ہی ٹیلی گرام پر افشاء ہوجانے کی افواہیں سماجی رابطوں پر گردش کررہی تھیں۔ تاہم، NTA نے وضاحت کی ہے کہ اتوار کو منعقدہ دوبارہ امتحان محفوظ اور بدعنوانی سے پاک ماحول میں منعقد ہوا ہے اور اس سلسلے میں افواہیں پھیلانے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ انڈین سائبر جرائم رابطہ مرکز اور دیگر ایجنسیوں کی مدد سے ان معاملات کی تفتیش جاری ہے۔ NTA نے طلباء اور سرپرستوں سے اپیل کی ہے کہ وہ افواہوں پر یقین نہ کریں اور NEET امتحان کی ویب سائٹ (www.neet.nta.nic.in) پر کسی بھی معلومات کی تصدیق کریں۔

***** ***** *****

آدھار ایپ کو شہریوں کی جانب سے بہتر پذیرائی حاصل ہورہی ہے۔ پانچ مہینوں سے بھی کم عرصے میں اس ایپ پر 31 ملین ڈاؤن لوڈز کا سنگ میل عبور ہوا ہے۔ آدھار ایپ کے ذریعے، موبائل نمبر اور پتے کو اسمارٹ فون پر آسانی سے اپڈیٹ کیا جاسکتا ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے مانوت تعلقے کے لیش واڑی میں واقع ہنومان مندر سانحے میں مہلوکین کے ورثاء کو وزیر اعلیٰ راحت فنڈ سے 25 لاکھ روپے کی امداد دی گئی ہے۔ امدادی رقم ضلع کلکٹر کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کردی گئی ہے اور وزیر اعلیٰ سیکریٹریٹ نے ضلع کلکٹر کو مطلع کیا ہے کہ ہر مہلوک کے ورثاء کو پانچ لاکھ روپے کی امداد دی جائے۔ 20 جون کو مندر کے اجلاس گاہ کی چھت منہدم ہونے سے سات عقیدت مند ہلاک ہوئے تھے۔

***** ***** *****

پونے کے محکمہ سماجی بہبود کی کمشنر دیپا مدھوڑ منڈے نے بیڑ میں گنّا توڑنے والے مزدوروں کے بچوں کیلئے زیرِ تعمیر سنت بھگوان بابا سرکاری ہاسٹل کا معائنہ کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے متعلقہ افراد سے کام کی پیش رفت کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کی اور کام کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

***** ***** *****

موسم: جنوب مغربی مانسون کی بارش آج نشیبی کوکن سے آگے بڑھ کر کوکن اور مغربی مہاراشٹر کے کچھ حصوں تک پہنچ گئی۔ سندھودرگ، رتناگری، رائے گڑھ، ستارا، کولہاپور، ستارا، سانگلی اور پونے اضلاع کے کچھ حصوں کے ساتھ ہی مراٹھواڑہ کے کچھ اضلاع میں مانسون سرگرم ہوگیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ دودنوں میں جنوب مغربی مانسون کی موسمی ہواؤں کی وجہ سے ممبئی، تھانے، پال گھر، کوکن کے مختلف مقامات پر تیز ہواؤں اور بجلی کی گرج وچمک کے ساتھ اوسط بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اسی طرح وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ کے کچھ اضلاع میں بھی یہی صورتحال رہے گی۔

اسی دوران، کل شام پیٹھن اور جالنہ شہر سمیت اطراف واکناف کے علاقوں میں بارش ہوئی۔

دریں اثناء، محکمہ موسمیات نے آج چھترپتی سمبھاجی نگر، ناندیڑ، پربھنی اور جالنہ اضلاع میں بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اورآخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرموٗ آج دوسرے مرحلے میں 65 سرکردہ شخصیات کو پدم ایوارڈ کریں گی تفویض۔

☆ ریاستی اسمبلی میں 97 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے ضمنی مطالبات پیش۔

☆ قانون ساز کونسل کی گیارہ نشستوں کے انتخابات کے نتائج کا اعلان، دس نشستوں پر مہایوتی کی جیت۔

☆ شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے چھ ارکان پارلیمان ایکناتھ شندے کی سربراہی والی شیوسینا میں شامل۔

اور۔۔۔☆ ریاست میں مانسون کی پیش رفت کیلئے ماحول سازگار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****